# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:دوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: "حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی بچوں پر شفقت" | |

**مقاصد:** دیے گئے الفاظ درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔


واحد کے جمع لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 15، 14۔

## تحریکی سرگرمی: (منٹ 5)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 14 پر موجود سوال نمبر 6 کے الفاظ پڑھانے کے لیے ان کے دو گروہ بنا دیں۔
- دونوں گروہوں میں الفاظ کے کارڈ اس طرح تقسیم کر دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔
- اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہوا لفظ دکھائے اور دوسرا گروہ اس لفظ کو بلند آواز میں پڑھے۔
- درست الفاظ پڑھنے والی ٹیم کو دو نمبر ملیں گے۔
- اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔
- جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (منٹ 25)




- کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر موجود سوال نمبر 7 کی سرگرمی کروانے کے لیے بچوں سے دیے گیے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔ متفرق بچوں کو بلوا کر ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ایک چیز کو واحد اور دو یا دو سے زیادہ چیزوں کو جمع کہتے ہیں۔
- انھیں بتائیں کہ آج ہم واحد الفاظ کے آخر سے 'ا' یا 'ہ' ہٹا کر 'ے' "لگائیں گے اور واحد الفاظ کی جمع بنائیں گے۔
- درسی کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر دیے گئے واحد الفاظ کی تصاویر پر مبنی فلیش کارڈ بچوں کو دکھا کر ان سے ان کے ناموں کی ادائی کروائیں۔
- کارڈ کی پچھلی طرف ان کے نام لکھے ہوں اور آخری حرف خط کشیدہ ہو۔
- بچوں سے کہیں آخری حروف کو "ے" سے تبدیل کریں اور اب بتائیں کہ الفاظ میں کیا تبدیلی آئی ہے؟
- درست جواب بتانے پر تالیاں اور غلط جواب پر اصلاح کریں۔
- تمام بچوں سے واحد الفاظ کے ساتھ ساتھ ان کے جمع الفاظ بھی سنیں۔
- اس کے بعد بچوں سے ان کی کاپیاں نکلوائیں اور تمام واحد الفاظ لکھوائیں۔
- واحد الفاظ لکھوانے کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ ان حروف کی آخری آواز ہٹائیں اور 'ے' لکھ کر جمع بنا کر لکھیں۔
- اس کام کے لیے بچوں کو وقت دیں مقررہ وقت کے بعد بچوں کا کام چیک کریں۔
- سب سے اچھا کام کرنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

| |
|---|
| **اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر "الف" "یا" "ہ" پر مشتمل چند واحد الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی آخری آواز "ے" میں تبدیل کر کے جمع الفاظ بنا کر سنانے کو کہیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: "حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی بچوں پر شفقت" | | |

**مقاصد:** پسندیدہ پیراگراف کو خوش خط لکھ سکیں۔

کسی بھی موضوع پر جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 15، پرچیوں کا جار، شیٹس، کلر مارکر

## تحریکی سرگرمی: (منٹ 5)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو سبق **"حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی بچوں پر شفقت"** درست تلفظ اور روانی سے پڑھنے کے لیے کہیں۔
- پھر بچوں کو گروہی صورت میں **"حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی بچوں پر شفقت"** پڑھنے کی ہدایت دیں۔
- انھیں کہیں کہ ہر گروہ کا ایک بچہ سبق درست تلفظ، لے اور آہنگ کے ساتھ پڑھے اور گروپ کے باقی بچے سنیں۔
- یہ سرگرمی باری باری تمام گروہوں پر کروائی جائے۔
- سبق **"حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی بچوں پر شفقت"** کے کسی ایک پیراگراف کی پرچیاں تمام بچوں میں تقسیم کریں۔
- بچوں سے کہیں سب بچے اپنی اپنی پرچی پر لکھا پیراگراف پڑھیں اور پھر پرچی کے پچھلی جانب اس پیراگراف کو خوش خط لکھنے کی مشق کریں۔
- پھر باری باری بچوں کو بلا کر تختہ تحریر پر پیراگراف خوش خط لکھنے کی ہدایت دیں۔
- جو بچے لفظوں کی درست بناوٹ نہ لکھ سکیں، ان کی اصلاح تختہ تحریر پر ہی کی جائے۔
- سبق **"حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی بچوں پر شفقت"** کا ایک پیراگراف خود بورڈ پر خوش خط لکھیں۔




- ## تدریسی طریقہ کار: (منٹ 25)
- کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر موجود سوال نمبر 9 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت کے بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ اپنی کاپی پر اپنے اور اپنے گھر والوں کے بارے میں چند جملے لکھیں۔
- اس کام کو مکمل کرنے کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔
- جب بچے کام مکمل کر لیں تو بچوں کا کام چیک کریں۔
- جہاں کہیں کوئی املا کی غلطیاں دور کریں اور بچوں کو شاباش دیں۔
- اس کے بعد سبق سے متعلقہ چار سے پانچ موضوعات منتخب کریں اس کے علاوہ بچوں کی روزانہ کی زندگی کے متعلق چند موضوعات منتخب کر جیسے:
- آپ اپنے ماں باپ سے کیسے بات کرتے ہیں؟

| |
|---|
| • آپ اپنے چھوٹے بہن بھائیوں سے کیسے پیش آتے ہیں؟<br>• آپ اپنے دوستوں اور اساتذہ سے کیسے بات کرتے ہیں؟<br>• ان سب سوالات کی پرچیاں بنا کر ایک جار میں رکھ لیں۔<br>• جماعت کو چار گروہوں میں تقسیم کریں۔ اور ان گروہوں کو ایک ایک شیٹ اور کلر مارکر فراہم کریں۔<br>• اس کے بعد پرچیوں والے جار کو بچوں کے سامنے کریں۔<br>• بچوں کو ہدایت دیں کہ ان میں سے کوئی سی دو دو پرچیاں اٹھالیں۔<br>• ان پرچیوں کو دھیان سے پڑھیں اور ان موضوعات سے متعلق آپس میں بات چیت کے بعد چند جملے لکھیں۔<br>• کام کی نگرانی کریں جہاں بچے مشکل محسوس کریں بچوں کی راہ نمائی کریں۔<br>• کام مکمل ہونے کے بعد سب گروہو کا کام چیک کریں اور سب سے اچھا کام کرنے والے گروہ کو شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر متفرق بچوں سے سبق سے متعلقہ چند جملے لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: "حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی بچوں پر شفقت" | |

**مقاصد:** نعتیہ مقابلے میں شرکت کر سکیں۔

کسی بھی موضوع پر تقریر کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 15

## تحریکی سرگرمی: (منٹ 5)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ان کے ساتھ کھیل کھیلیں **"بوجھیں آپ تو جانیں ہم"**۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک ڈبا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کی اطراف میں کوئی رنگ دار کاغذ چڑھا لیں۔
- ڈبے کی اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔
- ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بلائیں اور اسے ڈبا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے، اُس میں سے پرچی نکالیں اور بچے سے اُس پر لکھی ہوئی پہیلیاں ساتھیوں سے بوجھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو اس کا موقع دیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ درست جوابات دے گا، وہ فاتح قرار دیا جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (منٹ 33)




- کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر موجود سوال نمبر 11، 10 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت میں ایک تقریب کا اہتمام کریں، جس میں تقریری اور نعتیہ مقابلے کا انعقاد کریں۔
- جماعت کے مختلف گروہ بنا لیں۔ ہر گروہ کو کوئی نہ کوئی ذمہ داری سونپیں۔
- کچھ بچوں کو کمپیئرنگ کی ذمہ داری سونپیں۔
- کچھ بچوں کو آرگنائزر کی ذمہ داری دیں۔
- کچھ بچوں کو نعت رسول مقبول ﷺ تیار کر کے آنے کی ہدایت دیں۔
- کچھ بچوں کو مختلف موضوعات پر تقاریر تیار کر کے آنے کی ہدایت کریں۔

- مقررہ وقت اور دن پر مقابلہ شروع کروائیں۔
- سارے مقابلے کی نگرانی خود کریں۔
- بچوں کی تیار کی گئی تقاریر اور نعتیہ کلام جماعت کے سامنے پیش کروائیں۔
- مقابلہ مکمل ہونے پر سب نعت خواں حضرات اور مقررین کی حوصلہ افزائی کے لیے بچوں کو انعامات دیں اور ساتھ ہی سب سے اچھی تقریر کرنے والے اور اچھی لے اور آہنگ سے نعت پڑھنے والے طالب علموں کو **"سٹارز آف دی ڈے"** کے اعزازات دیں۔
- اس کے بعد اس تقریب کے آرگنائزر کی بھی حوصلہ افزائی کریں۔
- کوشش کریں کہ اس طرح کے مقابلوں کا جماعت میں اہتمام کرواتے رہیں کیوں کہ اس جیسی تقاریب سے بچوں میں مقابلہ بازی کا صحت مند رجحان پیدا ہوتا ہے۔

**اعادہ:**

**جائزہ:**

**گھر کا کام:** (2منٹ) اسباق "حمد، نعت، حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی بچوں پر شفقت" پڑھائی، الفاظ معانی اور سوالات کے جوابات کی دہرائی کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | | سبق کا نام: حمد، نعت، "حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی بچوں پر شفقت" دہرائی | |

**مقاصد:** اسباق "حمد، نعت، "حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی بچوں پر شفقت" پڑھائی، الفاظ معانی اور سوالات کے جوابات کی دہرائی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مار کر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔

## تحریکی سرگرمی: (منٹ10)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کو چار گروہوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ سے ایک ایک سبق کی باری باری پڑھائی کروائیں۔
- پڑھائی کرواتے ہوئے بچوں کی پڑھنے کی رفتار، تلفظ، لے اور آہنگ کی جانچ کریں۔
- درست پڑھائی کرنے والے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (منٹ28)

- اس سرگرمی کے لیے بچوں کو دس منٹ دیں۔ جماعت کو تین گروہوں میں تقسیم کریں اور تینوں گروہوں کو تمام اسباق میں سے الفاظ پر مبنی پرچیاں دیں، جن کے معانی جاننا مقصود ہوں ہر گروہ میں دو دو پرچیاں تقسیم کر دیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ مل کر دیے گئے الفاظ کے معانی پرچی کے پچھلی جانب لکھیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر دو کالم بنالیں۔
- کالم کے ایک جانب الفاظ لکھیں اور دوسری جانب ہر گروہ سے معانی پوچھیں اور بورڈ پر لکھیں۔
- اس کے بعد کانٹ چھانٹ شروع کر دیں۔
- درست معانی لکھے رہنے دیں اور غلط معانی مٹادیں۔
- بچوں سے الفاظ معانی کی بلند آواز میں پڑھائی کروائیں۔
- بچوں سے کاپی پر الفاظ کے معانی لکھوائیں۔ کام مکمل ہونے پر چیک کریں۔
- اب اسباق "حمد، نعت، حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی بچوں پر شفقت" میں موجود تمام سوالات کی جماعت کی تعداد کے مطابق پرچیاں بنالیں اور ساری جماعت میں تقسیم کر دیں۔
- اب جماعت کو دائرے کی صورت میں بٹھالیں خود درمیان میں بیٹھ جائیں اور ایک گیند لیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اس گیند کو آگے ایک بچے سے دوسرے بچے کو منتقل کرتے جائیں، اور خود گنتی گننا شروع کریں۔
- جس بچے پر لفظ دس آجائے اس بچے سے پرچی کے مطابق سوال کا جواب لیں۔
- اس کے بعد پھر سے گیند کو آگے ایک بچے سے دوسرے بچے کو منتقل کرنے کا سلسلہ شروع کریں۔ اسی طرح سے تمام سوالات کے جواب حاصل کریں۔

| |
|---|
| **اعادہ:** |
| **جائزہ:** |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) اسباق "حمد، نعت، "حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی بچوں پر شفقت" کے قواعد سیکھیں کے تصورات کی دہرائی کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:5 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | | سبق کا نام: حمد، نعت، "حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی بچوں پر شفقت" | |


**مقاصد:** اسباق "حمد، نعت، "حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی بچوں پر شفقت" کے قواعد سیکھیں کے تصورات کی دہرائی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔

## تحریکی سرگرمی: (منٹ10)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 6 پر موجود سوال نمبر 8 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے کتاب میں موجود تمام بے ترتیب جملے بورڈ پر لکھیں۔
- ان بے ترتیب جملوں کی بچوں کو پڑھائی کروائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ کیا ان جملوں کو پڑھ کر جملوں میں کی گئی بات سمجھ آ رہی ہے کہ نہیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں اور بے ترتیب جملوں پر مشتمل پرچیاں بنالیں پرچیاں بناتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ پرچیاں بچوں کی تعداد سے دوگنا ہوں۔
- اب ہر بچے کو دو دو بے ترتیب جملوں کی پرچیاں دیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان جملوں کی پڑھائی کریں اور ان جملوں کی ترتیب درست کریں۔
- بچوں کی جملوں کی پڑھائی کے دوران میں بورڈ پر دو کالم بنائیں اور ایک کالم پر سرخی دیں "بے ترتیب الفاظ" اور اس میں کتاب پر موجود بے ترتیب جملے لکھیں۔
- دوسرے کالم پر سرخی لکھیں "مکمل جملے" جماعت میں سے مختلف بچوں کو باری باری اپنے پاس بلائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ بے ترتیب الفاظ کو ترتیب دے کر جملہ بنائیں اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے کروائیں۔
- ساتھ ساتھ ان کی راہ نمائی بھی کرتے جائیں۔ درست کام کرنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اس کے بعد علامتِ ختمہ، سکتہ اور سوالیہ کے فلیش کارڈ بورڈ پر چپکا دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ان علامات کے بارے میں آپ پچھلی جماعت میں تفصیل سے پڑھ چکے ہیں۔
- یہاں پر اعادہ کے لیے بچوں کو ان علامات کے بارے میں ایک مرتبہ پھر تفصیل سے سمجھائیں اور بچوں سے پوچھیں کہ بورڈ پر چسپاں علامات میں سے کون سی علامت ختمہ کی علامت ہے؟
- جوابات حاصل کرنے کے بعد بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی جملے کے آخر میں "۔" علامت لگتی ہے۔
- اس علامت کا مقصد عبارت میں ایک جملے کو دوسرے جملے سے الگ کرنا ہے۔
- اب بے ترتیب جملوں کی ترتیب درست کر کے جملے بورڈ پر لکھیں۔
- جملے لکھنے کے بعد باقی دوسری علامت کے فلیش کارڈ بورڈ سے اُتار لیں لیکن ختمہ (۔) کا علامتی فلیش کارڈز بورڈ پر ہی لگا رہنے دیں اور بچوں سے کہیں کہ اوپر لکھے گئے جملوں کے آخر میں علامت ختمہ لگا کر جملے مکمل کریں۔

**تدریسی طریقہ کار: (منٹ28)**




- کتاب کے صفحہ نمبر10 پر موجود مشق کے سوال نمبر8 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر چارٹ پیپر سے بنے ہوئے دو درخت لگادیں ایک درخت پر فاصلے سے واحد الفاظ لکھے ہوئے ہوں (عورت، سڑک، جراب، دوات، میز) اور دوسرے درخت پر انھی الفاظ کے جمع الفاظ لکھ دیں۔
- ان دونوں درختوں کے درمیان میں ایک چارٹ پر "یں" لکھ کر رکھ دیں۔
- اب جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنادیں۔ ایک گروہ سے باری باری صرف واحد الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- پھر دوسرے گروہ سے جمع الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔ جو بچے درست تلفظ سے ان الفاظ کی ادائی کریں، انھیں شاباش دیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ دونوں درختوں کے الفاظ میں کیا فرق تھا؟
- بچوں کے جواب دینے کے دوران میں ایک ہاتھ میں صرف ایک کتاب اور دوسرے میں دو سے تین کتابیں (جتنی آسانی سے پکڑ سکیں) اٹھا کر بچوں کو دکھائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ایک چیز کو واحد اور دو یا دو سے زیادہ چیزوں کو جمع کہتے ہیں۔
- انھیں بتائیں کہ آج ہم "یں" لگا کر واحد الفاظ کی جمع بنائیں گے۔
- درسی کتاب کے صفحہ نمبر10 پر سوال نمبر8 دیے گئے واحد الفاظ کی تصاویر پر مبنی فلیش کارڈ بچوں کو دکھا کر ان سے ان کے ناموں کی ادائی کروائیں۔
- کارڈ کی پچھلی طرف ان واحد الفاظ کا آخری حرف خط کشیدہ ہو۔
- بچوں سے کہیں اس حرف کو "یں" سے تبدیل کریں اور اب بتائیں کہ الفاظ میں کیا تبدیلی آئی ہے؟
- درست جواب بتانے پر تالیاں اور غلط جواب پر اصلاح کریں۔
- تمام بچوں سے واحد الفاظ کے ساتھ ساتھ ان واحد الفاظ کے جمع سنیں اور پھر تمام الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے ان کے جمع لکھوائیں۔
- اس کے بعد کتاب کا کام مکمل کروائیں۔
- صفحہ نمبر10 سوال نمبر9 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے سوال میں موجود تمام الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے ان کی بار بار خواندگی کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو الگ الگ بٹھا کر ان الفاظ کی املا لکھوائیں۔

**اعادہ:**

**جائزہ:**

**گھر کا کام:** (2منٹ) حمد، نعت، حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی بچوں پر شفقت "تینوں اسباق کی" لکھیں" کی سرگرمیوں کی دہرائی کرکے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ: 1 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 5 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: "حمد، نعت حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی بچوں پر شفقت" | |


**مقاصد:** "حمد، نعت، حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی بچوں پر شفقت" تینوں اسباق کی "لکھیں" کی سرگرمیوں کی دہرائی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔


## تحریکی سرگرمی: (منٹ 10)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 6 پر موجود سوال نمبر 10 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت کے بچوں کو گروہوں میں تقسیم کریں اور ان کو ہدایت کریں کہ وہ آپس میں بات چیت کریں کہ ہم اللہ تعالیٰ کی تعریف کیسے کر سکتے ہیں؟
- بات چیت کے بعد بچوں کو گروہی صورت میں ہی بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کی تعریف میں جملے لکھنے کے لیے کہیں۔
- کام کی نگرانی کریں جس بچے یا گروہ کو اپنے موضوع پر لکھنے میں مشکل محسوس ہو رہی ہے، ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔
- کام کی تکمیل کے بعد فرداً فرداً بچے کو پاس بلا کر ان کی اصلاح کریں تاکہ بچے کو سب کے سامنے شرمندگی نہ ہو اور ان کی اصلاح بھی ہو جائے۔
- اس کے بعد ایک گروہ کے طلبا سے کہیں کہ وہ اپنے لکھے ہوئے جملے ساری جماعت کے سامنے پڑھ کر سنائیں۔ اس کے بعد ان کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اگلی سرگرمی کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 6 پر موجود سوال نمبر 11 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر کتاب میں دیا گیا موضوع لکھیں۔
- بچوں کو موضوع سے متعلق ضروری معلومات دیں اور بچوں کی تقاریر تیار کروائیں۔
- جماعت میں ایک تقریری مقابلے کا انعقاد کریں اور بچوں کی تیار کی گئی تقاریر جماعت کے سامنے پیش کروائیں۔
- سب سے اچھی تقریر کرنے والے بچے کی حوصلہ افزائی کریں اور تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (منٹ 30)




- کتاب کے صفحہ نمبر 10 پر موجود مشق کے سوال نمبر 10 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر کتاب میں دیے گئے اشارے لکھیں۔
- ان اشاروں کے بارے میں بچوں کو معلومات فراہم کریں۔
- اس کے بعد جماعت کے بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ چاروں گروہوں کو ایک ایک سادہ شیٹ دیں۔
- ان سب گروہوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان اشاروں کی مدد سے نبی پاک خاتم النبیین ﷺ کے بارے میں جملے لکھیں۔
- اس کام کے لیے انھیں مخصوص وقت فراہم کریں۔ کام کی نگرانی کریں جہاں بچے مشکل محسوس کریں ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔
- وقت مکمل ہونے کے بعد تمام گروہوں کے بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ایک ایک کر کے آئیں اور اپنے لکھے ہوئے جملے سنائیں۔
- اس کے بعد بچوں کے لکھے جملے چیک کریں۔
- بچوں کی جانب سے لکھے گئے جملے جن میں اچھے الفاظ کا چناؤ کیا گیا ہو ان کو بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ان جملوں کو کاپی میں لکھیں۔




- کتاب کے صفحہ نمبر 15 پر موجود سوال نمبر 9 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت کے بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ اپنی کاپی پر اپنے اور اپنے گھر والوں کے بارے میں چند جملے لکھیں۔
- اس کام کو مکمل کرنے کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔
- جب بچے کام مکمل کر لیں تو بچوں کا کام چیک کریں۔ جہاں کہیں کوئی املا کی غلطیاں ہوں انھیں دور کریں اور بچوں کو شاباش دیں۔
- اس کے بعد سبق سے متعلقہ اور بچوں کی روزانہ کی زندگی سے متعلق چند موضوعات منتخب کریں جیسے:
- آپ اپنے ماں باپ سے کیسے بات کرتے ہیں؟
- آپ اپنے چھوٹے بہن بھائیوں سے کیسے پیش آتے ہیں؟
- آپ اپنے دوستوں اور اساتذہ سے کیسے بات کرتے ہیں؟
- ان سب سوالات کی پرچیاں بنا کر ایک جار میں رکھ لیں۔
- جماعت کو چار گروہوں میں تقسیم کریں۔ اور ان گروہوں کو ایک ایک شیٹ اور کلر مارکر فراہم کریں۔
- اس کے بعد پرچیوں والے جار کو بچوں کے سامنے کریں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ ان میں سے کوئی سی دو دو پرچیاں اٹھا لیں۔
- ان پرچیوں کو دھیان سے پڑھیں اور ان موضوعات سے متعلق آپس میں بات چیت کے بعد چند جملے اپنے اپنے پاس موجود شیٹ پر لکھیں۔
- کام کی نگرانی کریں جہاں بچے مشکل محسوس کریں بچوں کی راہ نمائی کریں۔
- کام مکمل ہونے کے بعد سب گروہو کا کام چیک کریں اور سب سے اچھا کام کرنے والے گروہ کو شاباش دیں۔

**اعادہ:**

**جائزہ:**

**گھر کا کام:**